26/06/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  تجمل احمد سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

ملک بھر میں کل سمویدان ہتیہ دِوس کے موقعہ پر اُن سبھی لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ، جنہیں ایمرجنسی کی وجہ سے زیادیتوں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ جمونکشمیر میں بھی سمویدان ہتیہ دیوس کے سلسلے مینکئی پروگرام منعقد کئے گئے ۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کے کنوینشن سینٹر میں 1975کی ایمر جنسی سے متعلق ایک نمائش کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے قوم کی کامیابی اور جمہوریت کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کیلئے پورے عزم کے ساتھ کام کریں ۔

BJP

ادھر سرینگر میں BJP ہیڈ کواٹر پربھی ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس دوران پردیش BJP کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے 1975 کی ایمر جنسی کے تشویشناک اثرات پر روشنی ڈالی ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے اشوک کول نے بتایا کہ اس ایمر جنسی کے دوران لاکھوں لوگوں کو جرم بے گناہی میں سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا تھا۔

ستیش شرما

خوراک ، امور صارفین اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے سونہ مرگ میں بال تل بیس کیمپ کا دورہ کر کے وہاں سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے

انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ وزیر موصوف نے تمام متعلقہ محکموں اور افسروں کو یاترا کے دوران لازمی خدمات اور اشیایہ ضروریہ کی بلا خلل سپلائی یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز

اس دوران ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کشمیر ڈاکٹر جہانگیر بخشی نے سرینگر میں اہم میٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے یاترا 2025 کے سلسلے میں درکار طبی سہولیات کی دستیابی کا جائزہ لیا ۔میٹنگوں کے دوران ڈائریکٹر موصوف نے شوی امر ناتھ جی یاترا کے لئے طبی تیاریوں اور منصوبہ بندی کا ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا ۔

KPDCL

کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر نے پہلگام کا دورہ کر کے وہاں یاترا 2025 کے سلسلے میں جاری کاموں اور تیاریوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں اور عملے کو یاترا کے دوران بلا خلل بجلی سپلائی دستیاب رکھنے کی واضح ہدایت دی ۔

چیف سیکریٹری

ایک اہم پیش رفت کے تحت انڈین انسٹیچوٹ آف ٹیکنالوجی جموں نے ایک انوویشن اینڈ فیوچر ٹیکنالوجی پارک قائم کرنے کے سلسلے میں عملی منصوبہ شروع کیا ہے ۔ اس بات کی جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران دی گئی ۔ اس مقصد کے لئے IIT - جموں کے پاس میں ہی ادارے کو 2 سو ایکڑ اراضی تفویض کی گئی ہے

گرمی

جمونکشمیر میں گذشتہ کئی روز سے گرمی کی شدید لہر کے بعد محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اگلے چند روز کے دوران موسم کے تیور ذرا نرم رہیں گے ۔ سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایاکہ دن میں نمی کے ساتھ گرمی اور صبح شام کے اوقات کہیں کہیں پر ہلکی بارشوں کا امکان ہے۔

پولیس

سرینگر پولیس نے ٹاکن واری کرناہ بل سے پرویز احمد بٹ نامی ایک سمگلر کی ایک کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔اس دوران سوپور پولیس نے ملگونی پورہ وتر گام کے

رہنے والے مشتاق احمد بٹ نامی ایک سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔ ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا کی صدارت میں ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جبکہ ہندوارہ کے وِلگام علاقے میں پولیس کی طرف سے منشیات کے خلاف جانکاری عام کرنے کی غرض سے ایک ریلی نکالی گئی ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو نے بارہمولہ میں رشوت ستانی سے متعلق خصوصی عدالت میں کنزر کے سابق ZEO عبدالحمید ، نور محمد اور کچھ دیگر ملازمین کے خلاف فردِ جرم داخل کی ہے ۔ ان سبھی ملازمین کو2007 سے 2010 کے درمیان قریب 26 لاکھ روپے کے مالی خرد برد کا مرتکب پایا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ